Q.7. Translate the following into English by keeping in view any figurative /idiomatic expression. (10)

ایک طالب علم کا فریضہ حیات اساتذہ اور کتب سے کسب ضیا ہے. جو زندگی کی تاریک راہوں کو ان کے لئے منور
کر سکے. اس فریضے کی ادائیگی میں یکسوئی اور مستقل مزاجی درکار ہے. ہر بیرونی اثر کو جو اس کے منافی
ہو سختی کے ساتھ حلقہ تدریس سے علیحدہ رکھنا پڑے گا. ورنہ خطرہ یہ ہوگا کہ طالب علم کی تربیت ادھوری رہ
جائے اور جو وقت عزیز ا سے کسب علم میں صرف کرنا چاہئے تھا. محض سیاسی سرگرمیوں کی ہنگامی
دلچسپیوں کی نذر ہو جائے ہمارے ملک کو سیاسی کارکنوں سے زیادہ ان علما اور فضلا کی ضرورت ہے جو بیک
وقت علوم مشرقی، علوم مغربی، علوم دینی اور علوم دنیاوی کے جامع ہوں ظاہر ہے کہ ایسے ہمہ گیر لوگ تبھی
پیدا ہو سکتے ہیں . جب کہ علمی مشاغل میں سیاسی عوامل دخل اندازی نہ کریں. کہا جاتا ہے کہ مغربی ممالک کے
مقابلے میں ہمارا تعلیمی معیار پست ہے کسی حد تک تو یہ ہمارے اقتصادی حالات کا نتیجہ ہے . اور شاید یہ کہنا
بھی خالی از صداقت نہیں کہ ہمارے اکثر اساتذہ طلبہ کے دلوں میں ذوق علم کی چنگاری مشتعل کرنے سے قاصر ر
ہے . لیکن ذمہ داری کا بیشتر حصہ یقیناً خود طلبہ پر عائد ہونا چاہئے .

Translation:

The aim of life of a student is to engage enthusiastically with teachers and books. These are helpful in enlightening the dark routes of life. Concentration and consistency is required to fulfill this goal. Every external effect, which has negative effect on the education, will have to kept away. Otherwise, the student would not grow properly and time required for acquiring knowledge would be wasted in extremist political activities. Our country is in a dire need of such knowledgeable persons who adept in eastern, western, political, worldly and religious educations. It is obvious that, such universal people can be born, when politics is kept away from educational activities. It has been said that our standard of education is low as compared to western countries. To some extent, this situation is the result of our economic conditions. Furthermore, it is an open secret that most of our teachers have failed to ignite the interest of education in students. However, the larger part of this responsibility should be vested upon students.